15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث: صحیح مسلم	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________________

نام طالبعلم: ________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ اگر احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کیا جائے تو اللہ تعالیٰ قبول نہ کرے گا جب تک ایمان نہ لایا جائے:

(الف) علم غیب پر (ب) تقدیر پر (ج) حاضر و ناظر پر (د) نور و بشر پر

2۔ آقا ﷺ نے فرمایا رات اور دن میں فرض ہیں:

(الف) پانچ دعائیں (ب) پانچ روزے (ج) پانچ نمازیں (د) پانچ نوافل

3۔ "نقیر" کہتے ہیں:

(الف) لکڑی کے برتن کو (ب) لوہے کے برتن کو (ج) چاندی کے برتن کو (د) سونے کے برتن کو

4۔ آقا ﷺ نے سنا کہ ایک شخص اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا تھا:

(الف) امر بالمعروف کی (ب) مال کی (ج) جہاد کی (د) کمائی کی

5۔ آقا ﷺ نے فرمایا اہل یمن آئے وہ لوگ ہیں:

(الف) باحیاء (ب) متکبر (ج) سخت دل (د) نرم دل

6۔ آقا ﷺ نے فرمایا خیر خواہی ہے:

(الف) دعا دینا (ب) حسن اخلاق (ج) دین (د) رشوت سے روکنا

7۔ آقا ﷺ نے فرمایا سب سے بڑا گناہ ہے:

(الف) شرک (ب) چوری (ج) غیبت (د) جھوٹ

8۔ "نمام" کا مطلب ہے:

(الف) چور (ب) چغل خور (ج) دھوکہ دینے والا (د) بدعتی

9۔ حضرت عمرہ بنت عبد الرحمان کی بہن نے یہ سورۃ آقا ﷺ سے سن کر یاد کی:

(الف) یٰسین (ب) ق والقرآن المجید (ج) مزمل (د) ملك

10۔ "کبش" کہتے ہیں:

(الف) مینڈھے کو (ب) مرغی کو (ج) بکری کو (د) خرگوش کو

ورق الٹئے

11۔ صلوٰۃ الاستسقاء کہا جاتا ہے:

(الف) سورج گرہن کی نماز (ب) نماز خوف (ج) بارش طلب کرنے کی نماز (د) چاند گرہن کی نماز

12۔ سفر شرعی کی مقدار ہے:

(الف) 56 کلومیٹر (ب) 72 کلومیٹر (ج) 82 کلومیٹر (د) 92 کلومیٹر

13۔ عرب میں رواج ہے کہ چھوٹے بڑے کو احترام کے طور پر کہتے ہیں:

(الف) یاجد (ب) یااخ (ج) یااب (د) یاعم

14۔ حج کا لغوی معنٰی ہے:

(الف) قصد کرنا (ب) زیارت کرنا (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

15۔ آپ ﷺ نے حج فرمایا:

(الف) قران (ب) تمتع (ج) افراد (د) تینوں

16۔ طواف میں رمل کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) مکروہ

17۔ مکہ شریف کو حرم بنایا:

(الف) حضرت ابراہیمؑ نے (ب) حضرت اسماعیلؑ نے (ج) حضرت موسیٰؑ نے (د) حضرت آدمؑ نے

18۔ مومن کا خواب نبوت کا اتنا حصہ ہے:

(الف) 42 (ب) 44 (ج) 46 (د) 48

19۔ آپ ﷺ کی اطاعت ہے:

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مباح (د) مستحب

20۔ حضرت ہالہ حضرت خدیجہ کی تھیں:

(الف) بہن (ب) چچی (ج) خالہ (د) بھتیجی

15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث: صحیح مسلم	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ☐☐☐☐☐☐ رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1 حدیث کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

2۔ اسلام کی بنیاد کتنی اور کون کونسی چیزوں پر ہے؟

3۔ مال غنیمت کسے کہتے ہیں؟

4۔ "حنتم" کسے کہتے ہیں؟

5۔ جمعہ کی نماز کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث سپرد قلم کریں۔

6۔ عیدین کی نماز پڑھنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

7۔ "یانبی اللہ قحط المطر واحمر الشجر و ھلکت البھائم" ترجمہ کریں۔

8۔ آقا ﷺ کے کس صاحبزادے کی وفات کے دن سورج گرہن ہوا؟

9۔ چاند کو دیکھ کر روزہ رکھنا واجب ہے یا سنت؟ دو لائنوں میں وضاحت کریں۔

10۔ سحری کھانے کی فضیلت کے بارے کوئی ایک حدیث لکھیں۔

11۔ حلاب کس برتن کو کہتے ہیں؟

12۔ ایک روزے کے فدیہ کی کتنی مقدار ہے؟

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ عمرہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

2۔ حج کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ نام تحریر کریں۔

3۔ حج قران کسے کہتے ہیں؟

4۔ مسجد قباء کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث سپرد قلم کریں۔

5۔ رویا اور حلم میں کیا فرق ہے؟

6۔ آقا ﷺ کے افضل الخلق ہونے پر کوئی ایک حدیث سپرد قلم کریں۔

7۔ آقا ﷺ کی شجاعت پر کوئی ایک حدیث ذکر کریں۔

8۔ آقا ﷺ پر وحی کن کن صورتوں میں نازل ہوتی تھی؟

9۔ حضرت علی المرتضی کی فضیلت پر کوئی دو مختصر احادیث لکھیں۔

10۔ اہل بدر کی فضیلت پر کوئی ایک مختصر حدیث لکھیں۔

11۔ حضرت اویس قرنی کی فضیلت پر کوئی ایک مختصر حدیث لکھیں۔

12۔ کلالہ کسے کہتے ہیں؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. تقدیر کا لغوی اور شرعی معنیٰ بیان کریں۔ نیز حدیث جبرائیل تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. "عن جریر قال بایعت رسول اللہ ﷺ علی اقام الصلاۃ وایتاء الزکاۃ والنصح لکل مسلم"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) دین خیر خواہی کا نام ہے ایک مفصل نوٹ لکھیں۔

ورق الٹیے

iii. "عن عبد اللہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول اذا اراد احدکم ان یاتی الجمعۃ فلیغسل"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) "فلیغسل" امر کا صیغہ ہے اور امر وجوب کے لیے آتا ہے تو کیا جمعہ کے لیے غسل کرنا واجب ہے یا نہیں اپنا موقف مدلل تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. مسلم شریف کی روشنی میں آپ ﷺ کے حجۃ الوداع کے احوال تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ اس پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

iii. اہل بیت رضوان کے فضائل مسلم شریف کی روشنی میں لکھیں۔